92 Publishing House

SRM
اضافی مطالعاتی مواد

# اِرشان

چوتھی جماعت کے لیے




شازیہ اسلام

۴

اپنے قائد کی ایک جھلک دیکھنا اور آواز سننا چاہتے تھے۔ ریل روانہ ہونے کا وقت ہوا تو آپ دوبارہ سوار ہو گئے۔ لوگ چاہتے تھے کہ آپ اُن سے خطاب کریں مگر آپ کو وقت پر پہنچنا تھا۔ یہ دیکھ کر لوگ ریل کی پٹڑی پر لیٹ گئے کہ جب تک آپ اُن سے بات نہیں کریں گے، وہ آپ کو جانے نہیں دیں گے۔

جب یہ خبر محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچی تو آپ کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا۔ آپ نے کہا:

''میں ایسی جذباتی قوم سے، جو میرا اور اپنا وقت ضائع کر رہی ہے، بات کرنا پسند نہیں کرتا۔''

جوں ہی آپ کی یہ بات اور خفگی لوگوں کو معلوم ہوئی، ہر طرف سناٹا چھا گیا۔ لوگ فوراً پٹڑی سے اُٹھے اور خاموشی سے ایک طرف کھڑے ہو گئے۔ یوں ریل اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئی۔



## مشق

(۱) (الف) مندرجہ ذیل جملوں میں جن الفاظ پر دائرہ ہے، اُن کے معانی لکھ کر جملہ دوبارہ لکھیں۔

- وہاں پہلے سے ایک لڑکی اپنی نشست پر براجمان تھی۔ ..................
- اب دوسرا قصہ پڑھیں۔ ..................
- اماں اندھا دُھند، دائیں بائیں دیکھے بغیر سڑک پار کر رہی تھی۔ ..................
- آپ کو یہ بات بے حد ناگوار گزری۔ ..................
- آپ کے آنے کی خبر علاقے میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ ..................
- جوں ہی آپ کی یہ بات اور خفگی لوگوں کو معلوم ہوئی، ہر طرف سناٹا چھا گیا۔ ..................

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ، معانی سے ملائیں اور ''ذخیرۂ الفاظ'' بڑھائیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| معجزہ | کسی ادارے کی آمدنی اور خرچ کا حساب رکھنے والا |
| نشست | انتظار کرنے کی جگہ |
| ہامی بھرلی | بیٹھنے کی جگہ |
| خزانچی | وہ شخص جو اپنے لیے وکیل مقرر کرے |
| انتظار گاہ | بنیاد رکھنے والا |
| حاضر جواب | ملازمت۔ وہ کام جس سے انسان روزی کما سکے۔ |
| بانی | بات ماننے پر راضی ہو جانا |
| ہستی | شخصیت |
| پیشہ | کوئی بہت بڑا، عظیم اور حیران کن کام |
| اَن تھک محنت | مسلسل محنت |
| مؤکل | فوری اور درُست جواب دینے والا |

(۲) مندرجہ ذیل جوابات کے سوالات کیا ہو سکتے ہیں؟ لکھیں۔


- محمد علی جناح کو لڑکی ریل کے ڈبے میں ملی۔
- آپ نے ڈرنے اور گھبرانے کی بجائے عقل سے کام لیا اور ریل کی زنجیر کھینچ دی۔
- تانگے کا بانس لگنے سے بڑھیا زخمی ہو گئی۔
- مہمانوں کو پیش کرنے کے لیے کچھ نہ تھا، اس لیے ملازم نے گورنر ہاؤس کے درختوں سے پھل اُتار لیے۔
- لوگ اپنے قائد کی ایک جھلک دیکھنا اور آواز سننا چاہتے تھے۔

(۳) سبق سے چن کر دس دس وہ الفاظ لکھیں جن میں ی/ ے ہوں۔



ذخیرۂ الفاظ: شرم | شرمندہ | شرمندگی | شرارہ | شریر | شرمیلی

# تصویری مشق




(١) چاروں تصاویر میں ایک ایک منظر دِکھایا گیا ہے۔ ہر تصویر غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ ہر ایک میں کیا دِکھائی دے رہا ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________


______________________________

______________________________

(٢) کار، موٹر سائیکل یا کوئی بھی سواری چلاتے ہوئے موبائل سننا انتہائی خطرناک ہے۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے یا مشاہدہ ہے؟

______________________________

نہیں۔ اُنھیں میلوں دُور پیدل جا کر پانی لانا پڑتا ہے۔ ایسی صورتِ حال میں ہمیں چاہیے کہ ہم پانی بچائیں تا کہ اُن پاکستانیوں کو بھی پانی نصیب ہو سکے جو اِس نعمت سے محروم ہیں۔ اِس ضمن میں آپ کا فرض ہے کہ:



- پانی ضرورت کے مطابق استعمال کریں۔
- نلکا کھُلا مت چھوڑیں۔
- منہ ہاتھ دھوتے وقت یا جب آپ پیسٹ کر رہے ہوں، نلکا بند کر دیں۔
- ملازمہ، مالی اور ڈرائیور پر نظر رکھیں اور اُنھیں پانی ضائع مت کرنے دیں۔
- کار ہفتے میں ایک بار دھوئیں، البتہ گیلے کپڑے سے روزانہ صاف کریں۔
- وہ پائپ اور نلکے جو خراب ہوں اور اُن سے پانی مسلسل رِس رہا ہو، مرمّت کروائیں۔
- باغ میں پودوں اور کیاریوں کو پانی دینے کے لیے خاص بالٹی استعمال کریں، پائپ نہیں۔

## مشق

(۱) جوابات لکھیں یا زبانی بتائیں۔

- زمین پر پانی کے ذخائر کون کون سے ہیں؟
- زمین کے نیچے سے پانی کیسے حاصل ہوتا ہے؟
- ''آبی چکر'' کسے کہتے ہیں؟
- پانی، اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ کیسے؟
- دیہاتوں میں بسنے والے پاکستانیوں کو کن مشکلات کا سامنا ہے؟

(۲) پانی ہماری کون کون سی ضرورتیں پوری کرتا ہے؟ تفہیم پڑھیں اور اپنے الفاظ میں ایک پیرایہ لکھیں۔

(۳) ہم پانی کس کس طرح ضائع کرتے ہیں؟ بتائے گئے تمام نکات کے علاوہ، آپ کے ذہن میں بھی کچھ نکات ہوں تو ضرور بتائیں یا لکھیں۔

______________________________

______________________________

چیونٹیوں کے کاٹ کھانے سے وہ سُوج کر لال ہوگئی۔ آخر اُس نے زور زور سے پُھدکنا شروع کر دیا۔ اس طرح چیونٹیاں نیچے گر گئیں اور اُسے کچھ سانس لینے کا موقع ملا تو وہ بولی:

''تم لوگ بہت ظالم ہو، میں تو صرف تم سے دوستی کرنا چاہتی تھی، کیا تم اپنی دوستوں کا یہ حال کرتی ہو!''

یہ سن کر چیونٹیاں بہت شرمندہ ہوئیں۔ مینڈکی سے معافی مانگی اور اُس سے دوستی کرنے کو تیار ہوگئیں۔ اُس دن، چیونٹیوں نے مینڈکی کو اپنے گھر مہمان ٹھہرایا اور جو کچھ بھی کھانے کو تھا، سب اُسے پیش کر دیا۔ چیونٹیاں ہمیشہ سردی، برسات اور خراب موسم کے لیے کھانا اپنے بلوں میں جمع کر کے رکھتی ہیں تاکہ بعد میں مشکل نہ ہو۔ مینڈکی اُن کی مہمان نوازی پر بہت خوش ہوئی۔ وہ پہلے کبھی اتنی خوش نہ ہوئی تھی۔ رانی چیونٹی نے کہا: ''تم اکثر اپنے گھر میں گانا گاتی رہتی ہو، کیا ہمیں نہیں سناؤ گی؟''

یہ سن کر مینڈکی بہت شرم سار ہوئی۔ اُس کا خیال تھا کہ وہ بہت آہستہ گاتی ہے اور کوئی اُسے نہیں سنتا، حالاں کہ سب جانتے ہیں کہ مینڈکی کتنے زور سے ٹرّاتی ہے اور اُس کی آواز بہت دُور تک جاتی ہے۔ اُنہوں نے مینڈکی کو رات بھر اپنے بل میں رُکنے کی دعوت دی اور وہ رُک گئی۔ صبح دن چڑھے جب مینڈکی جاگی تو اس نے دیکھا کہ بل خالی پڑا ہے۔ بس دو چار چیونٹیاں اِدھر اُدھر کام میں مصروف نظر آئیں۔ اُنہوں نے بتایا کہ سب چیونٹیاں صبح صبح اپنے کام پر جا چکی ہیں۔ ہم آپ کی خاطر داری کے لیے حاضر ہیں۔ دوپہر کو جب رانی چیونٹی کام سے لوٹی تو مینڈکی نے اُس سے اجازت مانگی اور کہا:

''آپ سب بہت مہربان ہیں، مجھے آپ کی دعوت میں بہت مزہ آیا اور اب آپ لوگ بھی میرے گھر دعوت پر آئیں۔''

رانی چیونٹی نے کہا: ''ہم جہاں بھی جاتی ہیں، سب اکٹھی جاتی ہیں اور ہم آپ کے گھر بھی ضرور آئیں گی۔''

چیونٹیاں بہت خوش تھیں کیوں کہ انہیں شاذ و نادر ہی کسی دعوت میں جانے کا موقع ملتا تھا۔


اگلے روز جب وہ سب تیار ہو کر مینڈکی کی دعوت میں جا رہی تھیں تو راستے میں جو بھی بِل آتا، رانی چیونٹی جھانک کر انہیں بتاتی کہ ہم مینڈکی کی دعوت میں جا رہی ہیں، تم بھی آ جاؤ۔ اِس طرح پہاڑی پر موجود تمام بلوں کی چیونٹیاں اُن کے ساتھ شامل ہوگئیں اور ایک قافلہ بنا کر مینڈکی کے گھر کو چل دیں۔ جھیل کا کنارا بھُوری، لال اور کالی چیونٹیوں سے بھر گیا۔ ہزاروں کی تعداد میں چیونٹیاں وہاں دعوت پر موجود تھیں۔ مینڈکی نے جو اتنے مہمان دیکھے تو اُس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ وہ پریشانی سے ٹرّائی کہ اب کیا کرے... اس نے تو بند گوبھی کے کچھ پتے ہی دعوت کے لیے رکھے تھے جو اب اُن تمام چیونٹیوں کے لیے ناکافی تھے۔



وہ چیونٹیوں سے کہنے لگی: ''آپ ذرا مہربانی کر کے باہر ٹھہریں کیوں کہ ابھی کھانا تیار نہیں ہوا۔''

(۲) بیا، ایک حیرت انگیز مخلوق ہے۔ اِس کے بارے میں آپ نے کیا پڑھا؟ اپنے الفاظ میں ایک پیرایہ لکھیں اور انٹرنیٹ پر اس پرندے کی تصویریں دیکھیں۔

(۳) ''ذخیرۂ الفاظ'' بڑھائیں۔ اُونچی آواز میں درُست تلفّظ سے پڑھیں اور الفاظ معانی کا فرق سمجھیں۔



| | |
|---|---|
| پنکھ | پنکھا |
| زبردست | زبردستی |
| نظر | نظارہ |
| شُمار | شُمارہ |
| برسات | برساتی |
| مُردہ | مُردار |
| رنگ | رینگنا |

| | |
|---|---|
| شہر | شہرت |
| خالق | مخلوق |
| غول | گول |
| ناچ | نوچ |
| رَش | ریشہ |
| فصل | فاصلہ |
| حجم | حجام |

| | |
|---|---|
| نایاب | کم یاب |

(۴) ''پالتو پرندے'' کون کون سے ہیں اور آپ کو کون سا پرندہ پسند ہے؟ ایک پیرایہ لکھیں۔

(۵) یہ چند پرندوں اور جانوروں کے نام ہیں۔ آپ ہر کسی کی ایک خُوبی یا اُس کے بارے میں کوئی مشہور جملہ لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کوّا | کبوتر | توتا | مینا | سارس | گدھ |
| سانپ | شیر | چیتا | اُونٹ | گدھا | گھوڑا |

(۶) ذیل میں اسم نکرہ اور معرفہ دیے گئے ہیں۔ کچھ غیر متعلق الفاظ بھی ہیں۔ ''نکرہ اور معرفہ'' چھانٹ کر الگ لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پرندے | زبردستی | ایمو | ایمیزون | ڈائنو سارز |
| جنگل | شُمار | آپ | پینگوئن | جولاہا بیا |
| چھینک | آسٹریلیا | وزن | انڈا | دریا |
| انسان | شکرخورا | عمارت | بچے | سارس |
| البٹروس | جِھیل | درزی بیا | گھر | انڈونیشیا |

ذخیرۂ الفاظ: عبادت عادت عیش عدد عیار عیب

# تصویری مشق

اکثر بچوں میں ایسی عادات ہوتی ہیں، جنھیں ناپسندیدہ کہا جاتا ہے۔ اگر بڑوں کے سمجھانے کے باوجود بچے اُنھیں ترک نہ کریں تو یہ اُن کے کردار کا حصہ بن جاتی ہیں اور بالآخر اُن کے لیے شرمندگی اور دُکھ کا باعث بنتی ہیں۔



لڑنا جھگڑنا



بڑوں کو تُرکی بہ تُرکی جواب دینا



بے جا ضد کرنا



رات کو دیر تک جاگنا، صبح دیر سے بیدار ہونا



جھوٹ بولنا اور چُغلی لگانا



ناخن چبانا



اپنے دوستوں کی چیزیں چُرا لیا

(ا) ہر تصویر غور سے دیکھیں۔ اِن کے ذریعے بچوں میں پائی جانے والی ناپسندیدہ عادات دِکھائی گئی ہیں۔ ہر تصویر کے بارے میں بالترتیب لکھیں۔